03/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامه، اترپردیش، لکھنؤ

چودھری چرن سنگھ دیوکلی پمپ نہر نظام کے دلیپت پور رجبہا کے 0 سے 24 کلو میٹر تک نہ کی تجدید کاری کی اسکیم کے لیے 220 لاکھ روپئے منظور

لکھنؤ:03/دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے ذریعہ ضلع غازی پور میں چودھری چرن سنگھ دیوکلی پمپ نہر نظام کے تحت دلیپت پور رجبہا کے 0 سے 24 کلومیٹر تک نہر کی تجدید کاری کی اسکیم کے لیے مجوزہ رقم 220 لاکھ روپئے اسکیم کے باقی کاموں کے لیے جاری کیے جانے کی منظوری دی گئی ہے۔۔

اس ضمن میں اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 02دسمبر 2021 کو حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ہدایت دی گئی ہے کہ اسکیم کے تعمیراتی کام بروقت مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم ناموں پر عمل ضروری طور پر کیا جائے۔رقم کا خرچ منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے ایسا نہ کرنے پر کسی طرح کی بے ضابطگی کے لیے محکمہ کی ذمہ داری ہوگی۔منظور رقم کا استعمال منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے پر تمام ذمہ داری محکمہ کی ہوگی۔اسکیم میں کرائے جانے والے کاموں میں معیار اور بروقت کرایا جانا چیف انجینئر کے ذریعہ یقینی بنایا جائے اس کا معائنہ کرکے فوٹو وغیرہ بھی مہیا کرانا ہوگا۔

☆☆☆☆☆